علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبۂ پاکستان اسٹڈیز)

وارننگ

عزیز طلبه! آپ یه بات ذهن نشین کر لیں که

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے هیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarismپالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی

کورس: پاکستانی زبانیں اور ادب-I(9359) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: بی ایس پاکستان اسٹڈیز

ہدایت نامہ برائے طلبہ

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDFیاWord فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ1 تا5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ اردو زبان اور ادب میں دکنی ادبی اثرات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ شمالی ہند میں اردو زبان و ادب کے تاریخی ارتقاء پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اردو زبان کی ترویج میں فورٹ ولیم کالج کے کردار کو اجاگر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ قیام پاکستان کے وقت کے افسانے کے نمایاں خدوخال بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5- اردو ادب میں آزاد نظم اور نثری نظم کے ادبی ارتقاء کا جائزہ لیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2
(یونٹ 6 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ اردو ادب میں ڈراما کی صنف کی نمود اور اس کی مختلف ادبی اشکال کا احاطہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ براہوئی ادب میں حکایت "چار مرد" کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ بلوچی زبان کے شعری ارتقاء کا اجمالی خاکہ ترتیب دیں اور اس کے نمایاں ادبی خدوخال بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ تالپور دور میں سندھی زبان و ادب کی نمایاں شخصیات اور ان کے ادبی کمالات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر5- ہندکو نظم کے ارتقاء کے مختلف ادوار کا تقابلی مطالعہ کریں۔ (20)